

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۴۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ ماہ صفر ۱۳۴۲ھ مطابق ۸ ماہ اکتوبر ۱۹۲۳ء | جلد ۳۵

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۲۶ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت وتجارت بابو محمد فاروق حسین بی اے کا تقرر بعہدہ سپرنٹنڈنٹ دفتر بمشاہرہ یکصد روپیہ ماہوار وترقی دس روپیہ سالانہ تا ایک سو پچیس روپیہ ماہانہ بشرائط حکم ۲۷ اگست ۱۹۲۳ء ۱۲ ستمبر ۱۹۲۳ء سے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۵؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

مع نقل تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر - مرسلہ ۱۸؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

بخدمت شریف صاحب ریونیو سکریٹری بہادر -

جناب من - صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے ڈی او ۱۴؍ جون ۱۹۲۳ء سے صافہ باندھنے کا حکم واضح ہو کہ حدود خاص باغ اور قلعہ معلےٰ میں بلا صافہ کوئی نہ آتے - اور دفاتر میں افسران و اہلکاران وغیرہ صافہ باندھ کر آیا کریں یہ حکم نہیں ہو کہ احاطہ کچہریات میں بھی کوئی شخص بلا صافہ داخل نہو - عرضی جات و دیہاتی کے نام سے جو شامل ہوائیں یہ شکایت بھی ہو کہ اجلاس کے سائل بھی کوئی بلا صافہ نکلجاتا ہو تو نہیں نکلنے دیتے -

لہذا براہ مہربانی ایسا انتظام فرما دیا جائے کہ رعایا پریشان نہو - کیونکہ حکم کچہریات میں بلا صافہ آنیکی کوئی ممانعت نہیں ہو - البتہ حکام کے اجلاس میں علاوہ ان صاحبان کے جو مستثنےٰ ہیں اور کوئی اہلکار یا اہل معاملہ وغیرہ بلا صافہ نہ آئیں -

ایک ایک نقل اسکی جملہ دفاتر میں برائے تعمیل منشاء ڈی او جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر صدر سے جاری ہوں -

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۲۹؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - سجاد حسین ہیڈ کانسٹبل کو تین ۳ مہینے کی رخصت بوضع کل تنخواہ منظور کی گئی -

رخصت
یکم اکتوبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور - سید غلام تقی نائب تحصیلدار بلاسپور کی رعایتی رخصت دس یوم بسبب بیماری کار تحصیل بوجہ علالت و اغراض ذاتی یوم استعفاء سے منظور ہوی -

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
عطاء اختیارات
۲۹؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

محمد حبیب اللہ خان صاحب اسسٹنٹ حاکم صدر کو جو برائے سرانجام و انصرام کار تحصیلداری بوجہ علالت تحصیلدار صاحب ملک ایک ہفتہ کیواسطے مقرر ہوئے ہیں اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم و منصفی درجہ اول پرگنہ ملک کے عارضی طور پر دئے گئے

ملخص حکم اجلاس صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر
رخصت
۳۰؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر - منشی بیبی پرشاد اہلمد خزانہ کی رعایتی رخصت یکماہ بکار کردگی منوہن لال منظور کی گئی -

سرکاری پریس ریاست رامپور میں طبع ہو کر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور ابتدائے ۳۰ ستمبر لغایت ۶ اکتوبر ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش یومیہ	میزان	بارش یومیہ	میزان	بارش یومیہ	میزان	بارش یومیہ	میزان	بارش یومیہ	میزان	بارش یومیہ	میزان
۳۰ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۱۴	۳۱۰	۲۵	۵۰۲	۳۰	۲۴۳	۱۲	۲۶۸	۱۹	۲۸۸	۲۱	۲۴۳
یکم اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم دوشنبہ	۱	۳۱۱	۱۰	۵۱۲	۲	۲۴۵	۰	۲۶۸	۳	۲۹۱	۵	۲۴۸
۲ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم سہ شنبہ	۱½	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۳	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۳	۲۵۱
۳ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم چہارشنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۴ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم پنجشنبہ	۰	۳۱۲½	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۵ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم جمعہ	۰	۳۱۲½	〃	۰	〃	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۵۱
۶ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم شنبہ	۰	۳۱۲½	〃	۰	〃	۰	〃	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور ابتدائے یکم لغایت ۷ اکتوبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	-/۱۰¾	-/۱۰¾		-/۱۰¾	۰	-/۱۰¾	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	-/۱۳	-/۱۴		-/۱۴		-/۱۳	
نخود کت آمیز	-/۱۵	-/۱۵		-/۱۶	۰	-/۱۲	
کت	-/۱۶	-/۱۶		-/۱۶		-/۱۶	
باسمتی	-/۱۰¾	۰		۰		-/۸	
سونابت	-/۱۰	۰		۰		-/۸	
مکا	-/۱۳	۰		۰		-/۱۴	
جئی	-/۱۵	۰		-/۱۶		-/۱۲	
گوجئی	-/۱۳	۰		۰		-/۱۲	
عدس	-/۱۲	۰		۰		-/۱۲	
ارہر	۰	۰		۰		-/۱۲	
برنج	-/۴	-/۴		-/۳		-/۵	
روغن زرد	۵ چھٹانک	۵ چھٹانک		۵ چھٹانک		۵ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱/۲	۱/۲		-/۱		-/۱	
روغن کنجد	-/۲	-/۱		-/۲		-/۱	
نمک سانبھر	-/۵	-/۵		-/۵		-/۶	
نمک لاہوری	-/۷	-/۶		-/۵		-/۷	
نمک سیاہ	-/۵	-/۴		-/۳		-/۴	
[illegible]	۰	۰		۰		۰	